SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ ۱۹۸۳

SINDH ORDINANCE NO.III OF 1983

سندھ وزراء کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۳

THE SINDH MINISTERS (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVELGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1983

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ 3-A کا اضافہ

Insertion of Section 3-A in Sindh Act VIII of 1975

۳۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of Section 5 of Sindh Act VIII of 1975

۴۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ٦ کی ترمیم

Amendment of Section 6 of Sindh Act VIII of 1975

۵۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII میں دفعہ 6-A کا اضافہ

Insertion of Section 6-A in Sindh Act VIII of 1975

۶۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII میں دفعہ 8-A کا اضافہ

Insertion of Section 8-A in Sindh Act VIII of 1975

۷۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ۱۶ کی ترمیم

Amendment of Section 16 of Sindh Act VIII of 1975

سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ ۱۹۸۳

SINDH ORDINANCE NO.III OF 1983

سندھ وزراء کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۳

THE SINDH MINISTERS (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVELGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1983

[۱۹ فروری ۱۹۸۳]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ کے وزراء کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ وزراء کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کے سندھ وزراء کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور پہلی جنوری ۱۹۸۳ سے نافذالعمل سمجھا جائے گا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ 3-A کا اضافہ

Insertion of Section 3-A in Sindh Act VIII of 1975

۲۔ سندھ وزراء کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ کے بعد مندرجہ ذیل شامل کیا جائے گا:

(سامان کا الائونس)

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ

"3-A۔ وزیر کو پہلی مقرری پر تین ہزار روپے

سامان کا الائونس دیا جائے گا۔"۔

۵ کی ترمیم

Amendment of Section 5 of Sindh Act VIII of 1975

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، الفاظ "ترتیبوار تین ہزار روپے اور دو ہزار روپے ماہانہ ہوں گے" کو الفاظ "تین ہزار روپے ماہانہ ہوں گے" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ٦ کی ترمیم

Amendment of Section 6 of Sindh Act VIII of 1975

۴۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ٦ میں، الفاظ "ایک ہزار روپے" کو الفاظ "ایک ہزار اور پانچ سو روپے" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII میں دفعہ 6-A کا اضافہ

Insertion of Section 6-A in Sindh Act VIII of 1975

۵۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ٦ کے بعد مندرجہ ذیل شامل کیا جائے گا:

(اپنی مرضی سے خرچہ کرنے کی گرانٹ)

"6-A۔ وزیر کو سات ہزار اور پانچ سو روپے سالانہ ڈسکریشن گرانٹ کی مد میں دیئے جائیں گے۔"۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII میں دفعہ 8-A کا اضافہ

Insertion of Section 8-A in Sindh Act VIII of 1975

٦۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۷ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۱) میں الفاظ "سرکاری رہائش گاہ کے ساتھ فراہم کیا جائے گا" کو الفاظ "مفت میں فراہم کردہ رہائش گاہ کے ساتھ فراہم کیا جائے گا" سے متبادل بنایا جائے

۱۹۷۵ کے سندھ

گا۔

(ii) ذیلی دفعہ (۳) میں، شق (a) میں، الفاظ "تیس ہزار روپے" کو الفاظ "چالیس ہزار روپے" سے متبادل بنایا جائے گا۔

ایکٹ VIII کی دفعہ ۱٦ کی ترمیم

Amendment of Section 16 of Sindh Act VIII of 1975

۷۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد مندرجہ ذیل شامل کیا جائے گا:

"8-A۔ ا وزیر کو اس کی آفیس اور رہائش گاہ پر سرکاری خرچہ پر بنا روک ٹیلی فون کی سہولیات دی جائیں گی۔"

۸۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱٦ کی ذیلی دفعہ (۱) کا دوبارہ نمبر دیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شامل کیا جائے گا:

"(۲)وزیر کو چھٹی کی تنخواہ تین ہزار روپے ماہانہ دی جائے گی۔"

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔